15/06/2026 07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔سہ پہر کے 3بجکر50منٹ ہوئے ہیں خبرنامہ لےکر میں۔تجمل احمد

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

*....... وزیر اعظم نریندر مودی سمیت کئی عالمی لیڈروں نے امریکہ اور ایران کے ما بین طے پائے امن معاہدے کا کیا خیر مقدم۔

*....... 52واں G7 سربراہ اجلا س آج فرانس کے شہر Evian-میں ہو رہاہے شروع

*....... لوک بھون سرینگر میں متعدد اہم شخصیات ایل جی منوج سنہا سے ملاقی // عوامی نوعیت کے معاملے پر تبادلہ خیال ۔

اور

*....... وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی محرم الحرام کے سلسلے میں تمام انتظامات مکمل کرنے کی متعلقہ محکموں کو ہدایت ۔

خیر مقدم

عالمی لیڈروں نے امریکہ اور ایران کے بیچ طے پائے امن معاہدے کا وسیع خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ مغربی ایشیا میں امن و استحکام کے قیام کے لئے یہ ایک بڑی سفارتی کامیابی ہے ۔ قطر ، جرمنی کے Keir Starmer کے وزیر اعظم شیخ محمد بن عبدالرحمان، برطانیہ کے وزیر اعظم نے اس معاہدے کی فوری Emmanuel Macron اور فرانس کے صدر Friedrich Merz چانسلر عمل آوری کی ضرورت اجا گر کرتے ہوئے آبنائے ہرمُز کے جلد سے جلد کھولے جانے کی اہمیت اجا گر کی ہے ۔

بھارت خیر مقدم

بھارت نے بھی مغربی ایشیاءمیںتنازعے کو ختم کرنے کی غرض سے امریکہ اور ایران کے درمیان طے پائے معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ بھارت امید کرتا ہے کہ اس معاہدے کی عمل آوری سے خطے میں امن اور استحکام بحال ہوگا اور بلا کسی خلل کے تجارت کو جاری رکھنے میں مدد ملے گی ۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت دیگر معاملات پر بھی بات چیت شروع کئے جانے کا خواہاں ہے تاکہ ایک دیر پا حتمی معاہدے تک پہنچا جا سکے ۔

معاہدہ

واضح رہے کہ امریکہ اور ایران نے مغربی ایشیا میں 107 روزہ جنگ کو ختم کرنے اور آبنائے ہرمُز کو کھولے جانے سے متعلق ایک معاہدہ طے کیا ہے ۔تیل کی عالمی سپلائی کے پانچویں حصے کا گزر اسی آبی راہداری سے ہوتا ہے ۔

اس امن معاہدے پر 19 جون کو سویزرلینڈ میں دستخط کئے جائیں گے ۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ ایرانی بندرگاہوں پر عائد پابندیوں کو ہٹائیں گے اور آبنائے ہرمُز ،معاہدے پر دستخط

کے بعد جمعہ کے دن کھلے گی ۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ پورے خطے میں امن اور سلامتی کو یقینی بنائے گا ۔

اجلاس

میں شروع ہو رہا ہے ۔ یہ کانفرنس ایک ایسے Evian سربراہ اجلا س آج فرانس کے شہر G7وا ں52 وقت ہو رہی ہے کہ جب ایک مثبت واقعہ پیش آیا ہے کہ امریکہ او ر ایران نے107دن سے جاری لڑائی ختم کرنے اور آبنائے ہر مز کو دوبارہ کھولنے کیلئے ایک سمجھوتے کو حتمی شکل دے دی ہے ۔

سربراہ کانفرنس کیلئے G7جنیوا خطے میںLake کے ساتھ ساتھ جنیو ا اورEvian فرانس کے شہر سکیورٹی کے پختہ انتظامات کئے گئے ہیں ، جو بدھ کے روز تک جاری رہے گی ۔

مودی بات چیت

Robertسلوواکیہ میں اپنے سلوواک ہم منصب Bratislava دریں اثنا وزیر اعظم نریندر مودی نے کے ساتھ ملاقات کی اور دو طرفہ امور کو زیر بحث لایا ۔دونوں لیڈروں نے تجارت ، سرمایہ Fico کاری ،آٹو موبائیل اور ریلوے مینوفیکچرنگ کے شعبوں کو مستحکم کرنے کے معاملات پر سیر حاصل بات چیت کی ۔بعد میں ایک مشترکہ پریس کانفرنس کو خطاب کرتے ہوئے نریندر مودی نے کہا ۔

پہنچنے پر وزیر اعظم نریندر مودی کا والہانہ استقبال کیا گیا ۔Bratislave اس سے پہلے

ملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے لوک بھون سرینگر میں کئی اہم شخصیات نے ملاقات کر کے اپنے اپنے شعبوں سے جڑے معاملات پر ان کے ساتھ گفت شنید کی ۔

ملاقات کرنے والوں میں سابق مرکزی وزیر ڈاکٹر کرن سنگھ// ایم ایل اے جسروٹا راجیو جسروٹیہ// ضلع ترقیاتی کونسل شوپیان کے سابق وائس چیرمین عرفان منہاس // جموں کشمیر میں نیشنل Informatics سینٹر کے سینئر ڈائریکٹر سنجے کمار پوری // اور محبوب العالم سپورٹس کلب کشمیر کے منیجر شبیر احمد شاہ کی قیادت والا ایک وفد شامل ہیں ۔

عمر جائزہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سرینگر میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جمونکشمیر میں محرم الحرام کے سلسلے میں کی جا رہی تیاریونکا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ ایام مقدسہ کے تعلق سے تمام انتظامات مکمل کریں ۔ انہوں نے کہا کہ خاص طور سے بجلی ، پانی ، صفائی ستھرائی، طبی نگہداشت ، ٹریفک اور دیگر اشیاءضروریہ کی دستیابی کی طرف خصوصی توجہ مرکوز کی جانی چاہیں تاکہ شعیہ آبادی والے علاقوں میں عزا داروں کو کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔

میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری ، کابینی وزراء، انتظامیہ کے اعلیٰ افسران اور شعیہ تنظیموں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی ۔

سکینہ محرم

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے محرم الحرام کے سلسلے میں زڈی بل میں سکمز صورہ کی طرف سے قائم کئے گئے ایک طبی کیمپ کا افتتاح کیا ۔ وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت محرم الحرام کے دوران عزاداروں کوبہتر طبی سہولیات بہم پہنچانے کی وعدہ بند ہے ۔

عمر جھنڈی

کینسر سکرینگ سیوا کا آغاز Breast وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سول سیکریٹریٹ سرینگرمیں مفت Turns پروگرام کے تحت شروع کی ہے اور انڈیاCSR کیا ۔یہ پہل ائر فورس اتھارٹی آف انڈیا نے کی طرف سے عملائی جا رہے اس پروگرام کے بدولت وادی کے دور دراز علاقوں میں خواتین Pink کینسر کی سکرینگ کی سہولیات دستیاب ہوں گی۔ وزیر اعلیٰ نے اس پہل کی ستائش کرتے Breast کو کینسر سے تحفظ دینے میں مدد ملے گی۔ Breast ہوئے کہا کہ اس طرح کے اقدامات سے خواتین کو اس موقعے پر وزیر صحت سکینہ ایتو اور وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی موجود تھے ۔

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کی موبائیل ایپلیکشن نیوز آن

سال12

وزیر اعظم نریند رمودی نے کہا ہے کہ ملک کے متوسط طبقے نے قوم کی تعمیر میں بے شمار حکومت ان کی توقعات کو پور اکرنے کیلئے وعدہ بند ہے ۔ NDA طریقوں سے اپنا رول ادا کیا اور ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ پچھلے12برسوں کے دوران حکمرانی کے عمل میں عام شہریوں کے معیار حیات کو بہتر بنانے کی طرف توجہ مرکو زکی گئی اور انہیں ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب کرائی جا رہی ہیں۔

صدر نتین نبین نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ پچھلے 12برسوں کے دوران مرکزی BJP حکومت نے متوسط طبقے کو معاشی سلامتی ، بہتر سہولیات اور نئے مواقعے فراہم کرکے انہیں با اختیا بنانے میں کوئی بھی کسر باقی نہیں رکھی۔ انہوں نے اس ضمن میں اجولا یوجنا ، جل جیون مشن اور سوچھ بھار ت اسکیموں کا ذکر کیا ۔

جتندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ پچھلے 12برسوں کے دوران سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے نے ملک کے ترقیاتی سفر کو آگے بڑھانے میں اہم رول ادا کے موضوع پر منعقدہ ایک پریس Years of Science in Service of India کیا ۔ نئی دلی میں آج 12 کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہاکہ بھارت نے ٹیکنالوجی کی بدولت حکمرانی ، اختراعیت اور عوامی بہبود کے شعبوں میں ایک منفرد مقام حاصل کیا۔ انہوں نے خاص طور سے ریولوشن کا تفصیل سے ذکر کیا ۔Purple جموں کشمیر میں

یوگا

جون کو منائے جانے والے یوگا کے بین الاقوامی دن کے سلسلے میں تیاریاں عروج پر ہیں ۔ آیوش 21 کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادؤ نے آ ج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ یوگا دن کی سب سے بڑی تقریب کولکتہ میں وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں منعقد ہوگی ۔ yoga for healthy انہوننے کہا کہ 2026کے بین الاقوامی یوگا دن کا موضوع رہے گا ۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی دانشمندانہ قیادت میں یوگا ایک عالمی ageing تحریک میں تبدیل ہو گیا ہے ۔

نشہ

جموںو کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کےلئے100دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جا ری ہیں۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا ذاتی طور پر منشیات مخالف پروگراموں اور اقدامات کی نگرانی کررہے ہیں۔
منشیات کے خلاف ایل جی کا پیغام۔

-----LG-----

اس بدعت پر قابو پانے کےلئے درکار اقدامات اور لوگوں کی ذمہ داریوں کے تعلق سے ایک سرکاری ملازم رئیس مسرور نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

پولیس

پولیس نے نشہ مکت ابھیان کے تحت کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے سوپور کے کئی علاقوں میں کاشت کی جا رہی بھنگ کو تباہ کیا ۔

اننت ناگ میں پولیس نے دو منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے ۔

گاندربل میں بھی پولیس نے کافی رقبے پر سے بھنگ کو تباہ کر دیا ۔

رانا ملاقات

متعد د شخصیات اور وفود نے آج سول سیکریٹریٹ سرینگر میں جل شکتی اور قبائیلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا کے ساتھ ملاقات کی او ر اپنے اپنے مسائل ان کی نوٹس میںلائے ۔ وزیر موصوف نے ان کے مسائل غور سے سُنے اور یقین دلایاکہ انہیں ترجیحی بنیاد پر حل کیا جائے گا۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج دمحال ہانجی پورہ کولگام میں شہید ولی محمد ایتو کرکٹ ٹورنا منٹ کے فائنل میچ کا مشاہدہ کیا۔اس موقعے پر وزیر موصوفہ نے کہا کہ موجودہ حکومت پورے جموں کشمیر میں کھیل کود کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کی وعدہ بند ہے تاکہ نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے زیادہ سے زیادہ مواقعے دستیاب ہو سکیں ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈُلو نے آج سریش کمار گپتا جنہیں جموں کشمیر واٹر ریسورسز ریگولٹری اتھارٹی کا چیر پرسن تعینات کیا گیا ہے کو عہدے کا حلف دلایا۔اس موقعے پر چیف سیکریٹری نے ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہا رکیا۔

این سی محرم

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے نئے ہجرل سال جو یکم محرم الحرام سے شروع ہو رہا ہے کے موقعے پر اپنے پیغام میںکہاہے کہ محرم الحرم کو با برکت اور فضیلت سے پُر مہینے کی حیثیت حاصل ہے اور اسی مہینے کی دسویں تاریخ یعنی روز عاشورہ پر حق و باطل کے درمیان معرکہ کربلا کا تاریخی واقعہ پیش آیا ہے ۔

پارٹی کے نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی ہجری سال کے موقعے پر لوگوں کیلئے نیک خواہشات کا اظہا رکیا ہے ۔

جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمد ہمدانی نے بھی محرم الحرام کے مقدس مہینے کے شروع ہونے پر لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

فاروق ملاقات

معروف کرکٹر اور سابق پارلیمنٹ ممبر نوجوت سنگھ سدھو نے آج سرینگر میں نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی ۔اس دوران انہوں نے جموں کشمیر کی موجودہ سیاسی صورتحال اور دیگر معاملات پر تبادلہ خیال کیا ۔

دریں اثنا ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے چاڈورہ میں پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت لوگوں کی راحت رسانی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔

BJP

جنرل قومی BJP جموں کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے آج نئی دلی میںBJP اور جموں کشمیر کے پربھاری ترن چُگ کے ساتھ ملاقات کی ۔اس MP سیکریٹری اور راجیہ سبھا دوران انہوننے تنظیمی امور اور جموں کشمیر کی موجودہ سیاسی و سماجی صورتحال پرتبادلہ خیال کیا۔

میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہوترا نے جموں میں فلیگ BJP کے ترجمان بلبیر رام رتن اورBJP ادھر مین آف جموں کہلانے والے ایک سماجی کارکن ڈاکٹر کرن گپتا کے ساتھ ملاقات کی ۔ اس دوران انہوں نے مرکزی حکومت کی حصولیابیوں پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا ۔

شاہین

جنتا دل یونائیٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے مرکزی سرکار سے اپیل کی ہے کہ وہ جموں کشمیر میں مختلف سیکٹروں کیلئے ایک مالی پیکیج کا اعلان کریں تاکہ اقتصادی مندی کو دور کیا جا سکے۔انہوں نے ٹھیکہ داروں کی التواءمیں پڑی ادائیگیوں اور بلوں کو کلیئر کرنے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔

عرس

مولانا مرزا اکمل الدین بیگخان بدخشی ؒ کے سالانہ عرس کی تقریبات کا آغاز ہو گیا ہے ۔ اس تعلق سے ان کی زیارت گاہ درگاہ اکملیہ حول میں آج ختمات المعظمات اور درود وازکار کی مجلس منعقد ہوئی، جس میں کافی تعداد مینلوگوں نے شرکت کی ۔

ماک ڈرل

سالانہ شر ی امر ناتھ جی یاترا کی تیاریوں کے سلسلے میں سکیورٹی ایجنسیوں کی طرف سے کولگام میں ماک ڈرل کا انعقاد کیا گیا ۔ ہمارے کولگام Turka Tachloo سرینگر جموں قومی شاہراہ پر نمائندے نے خبر دی ہے کہ یہ عمل یاتر اکے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے کئے جا رہے اقدامات کا ایک حصہ ہے ۔

بانڈی پورہ

شری گورنمنٹ سکینڈری اسکول PM ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی بانڈی پورہ کی طرف سے آج لہروال پورہ بانڈی پورہ میں ایک قانونی بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت28 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت13اعشاریہ9ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت26 اعشاریہ7ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 19 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر44منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا۔

اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔

...................................

....................

......